# روپے پیسے کا لین دین کریں گے

ایک دن نانا جان اپنا گھر صاف کر رہے تھے۔ صفائی کے دوران انھیں ایک ڈبا ملا۔ اس میں کچھ پرانے اور کچھ نیے چلنے والے سکے تھے۔ ٹھیک اسی وقت ان کا نواسا وہاں آ کر پہنچ گیا۔ نانا کے ہاتھ سے اس نے ڈبا لے لیا۔ ڈبا لیتے لیتے گر گیا۔ سارے سکے زمین پر بکھر گیے۔ نواسے کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ اس نے ان سکوں کو دیکھا۔ نانا نے اسے ایک ایک سکے کے بارے میں بتایا۔ اور اپنی جیب سے کچھ نوٹ نکال کر دکھایا۔ آؤ ہم بھی جانیں گے کہ اس ڈبے میں کیا کیا سکے تھے؟ اور جیب میں کون کون سے نوٹ تھے؟





**اب آپ کہیے:**

- ڈبا میں کتنے سکے تھے؟ ________
- کون کون سے سکے تھے؟ ________
- ایک روپے کے کتنے سکے تھے؟ ________
- ہر سکہ کتنی تعداد میں ہے گنیے اور کہیے۔

- نانا نے اپنی جیب سے جن نوٹوں کو نکال کر بتایا آیئے ان کو ہم پہچانیں۔















استاد کے لیے ہدایت: استاد ہر ایک سکے اور نوٹ کو لا کر بچوں کو بتائیں۔ ہر بار ۴/۳ سکے یا نوٹ لے کر ان کی قیمت کیا ہے، اس پر مذاکرہ کریں گے۔ لیکن دھیان رکھیں کہ ۴/۳ سکے یا نوٹ کی مجموعی قیمت ۵۰/روپے سے زائد نہ ہو۔



# عملی مشق

1۔ برابر والی قیمت کے سکے کو لکیر کھینچ کر بتائیے:



2۔ کوٹھریوں میں جو سکے اور نوٹ کی تصویر دی گئی ہے ان کی قیمت خالی گھروں میں لکھیے ۔

| | |
|---|---|
| ۵/روپے |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |

3۔ نیچے دیے گیے نوٹوں کو دیکھ کر خالی گھروں کو پر کیجیے۔




عدد







عدد







عدد




4۔ خالی گھروں میں جواب لکھیے۔

(i) ایک روپے میں کتنے ۲۵/ پیسے کے سکے ہوں گے؟

(ii) ایک روپے میں کتنے ۵۰/ پیسے کے سکے ہوں گے؟

(iii) ۲/روپے میں کتنے ۱/روپے کے سکے ہوں گے؟

(iv) ۲/روپے میں کتنے ۵۰/ پیسے کے سکے ہوں گے؟

(v) ۲/روپے میں کتنے ۲۵/ پیسے کے سکے ہوں گے؟

(vi) ایک ۵/روپے کا سکہ دیں تو تمہیں کتنے ۱/روپے کے سکے ملیں گے؟

(vii) ایک ۵/روپے کا سکہ دیں تو تمہیں کتنے ۵۰/ پیسے کے سکے ملیں گے؟

5۔ نوٹ اور سکے مل کر کتنے ہوں گے؟

(i)



: ۳۰/روپے

(ii)



= ----------

(iii)



= ----------



(iv)



= ---------

6۔سکوں کی قیمت کو ملا کر کل قیمت لکھیے:

(i) ۲۰/روپے +۵/روپے =..........روپے =

(ii) ۲۰/روپے +۱۰/روپے =..........روپے =

(iii) ۱۰/روپے +۵/روپے+۵/روپے =..........روپے =

(iv) ۲۰/روپے +۱۰/روپے+۱۰/روپے =..........روپے =

7۔دل ہی دل میں حساب کر کے کہیےاور پھر بعد میں جواب کو بائیں طرف کے گھر میں لکھیے ۔

(i) آپ نے ایک کتاب خرید کر دکان دار کو ۲/ عدد ۱۰/ روپے کے نوٹ اور ۱/ عدد ۵/ روپے کا نوٹ دیا۔ تو بتائیے کتاب کی قیمت کتنی ہوئی ؟

(ii) ایک بسکٹ کے پیکٹ کی قیمت ۲۲ روپے۔ وسیم نے ایک بسکٹ کا پیکٹ خرید کر دکان دار کو ۳۰/ روپے دیا۔ تو بتائیے دکان دار اس کو کتنے روپے واپس کرے گا ؟

(iii) ایک مٹھائی کی قیمت ۲/ روپے ہے۔ سیما نے دو میٹھائیاں خرید کر دکان دار کو ۱۰/ روپے دیا۔ تو بتائیے دکان دار اس کو کتنے روپے واپس کرے گا ؟

(iv) گوپال کے پاس کچھ ۵/ روپے کے سکے اور ۱۰/ روپے کے سکے ہیں ۔ اسے ۲۵/ روپے کی قیمت کا ایک کھلونا خریدنے کے لیے ایک ۱۰ روپے کے نوٹ کے ساتھ کتنے ۵/ روپے کے سکے دینے ہوں گے؟

(v) سیتا کے پاس ۶/ عدد ۲/ روپے کا نوٹ اور ۵/ روپے کے ۵/ نوٹ تھے۔ تو بتائیے کہ اس کے پاس کل کتنے روپے تھے؟



## آپ کے لیے کام:

آیئے ہم سکوں کی چھاپ بنائیں:

- کئی طرح کے سکے اکٹھا کیجیے۔
- میز پر ایک سکہ رکھ کر اس کے اوپر ایک پتلا کاغذ رکھیے۔
- ایک ہاتھ میں کاغذ کو پکڑ کر پنسیل کے پیچھے طرف کو سکے پر آہستہ آہستہ رگڑیئے۔
- آپ اپنی پسند کے سکے کی تصویر پائیں گے۔